Hyderabad Youth Mirror

# National Seminar on knowledge literature in Urdu at MANUU

HYM Staff 15 hours ago Education, News

Hyderabad: The Directorate of Translation & Publications (DTP), Maulana Azad National Urdu University is organizing a Two day online National Seminar on 'Urdu Mein Maloomati Adab' (knowledge literature in Urdu).

The seminar is sponsored by National Council for Promotion of Urdu Language (NCPUL). The inaugural session will be held on February 10, 3:00 p.m at Instructional Media Centre.

Prof. Muzaffar Shahmiri, Vice Chancellor, Dr. Abdul Haq Urdu University, Kurnool, AP will be the chief guest and Prof. Mohd. Naseemuddin Farees, Dean, School of Languages, Linguistics and Indology, MANUU, will be the guest of honor while Prof. M. Shafey Kidwai, Head, Department of Mass Communication, Aligarh Muslim university will deliver the keynote address. Prof. S M Rahmatullah, Vice Chancellor I/c, MANUU will preside over.

Prof Mohd. Zafaruddin, Director, DTP will deliver welcome address while the seminar convenor, Dr. Aslam Parwez, will propose vote of thanks.

The first session will be held on February 11 from 10.30 am to 1.00 pm and will be chaired by Prof Siddiqui Mohd Mahmood, Registrar I/c, MANUU and Prof. Moinuddin Jinabade, Center for Indian Languages, Jawaharlal Nehru University.

The second session will be held from 2.30 pm to 5.30 pm and will be chaired by Prof. M. N. Sayeed and Prof. Farooq Bakhshi. For further details contact Dr. Aslam Parwez on 9908530276. Seminar will be telecast live on IMC, MANUU Youtube Channel.

اعتماد - 9 FEB 2021

## مانو میں ''اردو میں معلوماتی ادب'' پر ویبنار

حیدرآباد، 8/فروری (پریس نوٹ) ڈائرکٹوریٹ آف ٹرانسلیشن اینڈ پبلی کیشنز (ڈی ٹی پی)، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کی جانب سے قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی کے مالی تعاون سے 10 اور 11 فروری 2021 کو ''اردو میں معلوماتی ادب'' کے عنوان سے دو روزہ قومی آن لائن سیمینار کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ افتتاحی اجلاس کا 10/فروری کو سہ پہر 3 بجے سے انسٹرکشنل میڈیا سنٹر میں ہوگا۔ پروفیسر مظفر شہ میری، وائس چانسلر، ڈاکٹر عبدالحق اردو یونیورسٹی مہمان خصوصی ہوں گے اور پروفیسر نسیم الدین فریس، ڈین اسکول برائے السنہ، لسانیات اور ہندوستانیات مہمان ذی وقار ہوں گے جبکہ پروفیسر شافع قدوائی، صدر شعبہ ماس کمیونی کیشن، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کلیدی خطبہ پیش کریں گے۔ پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ، انچارج وائس چانسلر صدارت کریں گے۔ ڈائرکٹر، ڈائرکٹوریٹ آف ٹرانسلیشن اینڈ پبلی کیشنز پروفیسر محمد ظفرالدین مہمانوں کا استقبال کریں گے اور افتتاحی کلمات پیش کریں گے جبکہ ویبنار کے کنوینر ڈاکٹر اسلم پرویز شکریہ ادا کریں گے۔

'1 0 FEB 2021

رہنمائے دکن

## مرکز مطالعات نسواں، مانو کی تربیت یافتہ لڑکیوں کا نیشنل کراٹے چمپئن شپ میں شاندار مظاہرہ

حیدرآباد۔9رفروری (پریس نوٹ) مرکز برائے مطالعات نسواں، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کی جانب سے سہ ماہی پروگرام ''لڑکیوں کے لیے خود حفاظتی تربیت'' (Self Defence Training for Girls) کا اہتمام ویمن امپورمنٹ سنٹر، کمیونٹی ہال، احمد نگر، فرسٹ لانسر میں 9/ڈسمبر 2020 سے عمل میں لایا جارہا ہے۔ جس میں ہیپکیڈو اسوسی ایشن تلنگانہ کے پریسڈنٹ، محمد ظہیرالدین اور عبداللہ، ٹرینرز تقریباً 60 لڑکیوں کو مارشل آرٹ کی ٹریننگ فراہم کررہے ہیں۔ محمد ظہیرالدین، پریسیڈنٹ، ہیپکیڈو کی نگرانی میں خود حفاظتی تربیت حاصل کررہی 9 لڑکیوں نے 30 اور 31/جنوری 2021 کو وکٹری پلے گراونڈ، چادر گھاٹ، حیدرآباد میں منعقدہ نیشنل کراٹے چمپئن شپ 21-2020 میں حصہ لیتے ہوئے شاندار مظاہرہ کیا، اور 5 گولڈ میڈل، 2 سلور میڈل اور 2 براونز میڈل جیت لیے۔

RD

منصف

## مانو کی تربیت یافتہ لڑکیوں کا نیشنل کراٹے میں شاندار مظاہرہ

### ٹرینرز محمد ظہیرالدین کی جانب سے خواتین کو احمد نگر میں سیلف ڈیفنس ٹریننگ



حیدرآباد، 9رفروری (پریس نوٹ) مرکز برائے مطالعاتِ نسواں، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کی جانب سے سہ ماہی پروگرام ''لڑکیوں کے لیے حفاظت خوداختیاری کی تربیت'' (Self Defence Training for Girls) کا اہتمام ویمن امپورمنٹ سنٹر، کمیونٹی ہال، احمد نگر، فرسٹ لانسر میں 9/ڈسمبر سے عمل میں لایا گیا ہے۔ جس میں ہیپکیڈو اسوسی ایشن تلنگانہ کے پریسڈنٹ، محمد ظہیرالدین اور عبداللہ، ٹرینرز تقریباً 60 لڑکیوں کو مارشل آرٹ کی تربیت سے آراستہ کررہے ہیں۔ محمد ظہیرالدین، پریسیڈنٹ، ہیپکیڈو کی نگرانی میں خود حفاظتی تربیت حاصل کررہی 9 لڑکیوں نے 30 اور 31/ جنوری 2021 کو وکٹری پلے گراونڈ، چادر گھاٹ میں منعقدہ نیشنل کراٹے چمپئین شپ 21-2020 میں شاندار مظاہرہ کیا، اور 5 گولڈ میڈل، 2 سلور میڈل اور 2 براونز میڈل جیت لیے۔ گولڈ میڈل حاصل کرنے والوں میں افشاں جبین، نشاط فاطمہ، عظمیٰ خاتون، روحی فاطمہ اور فریسہ بیگم شامل ہیں۔ جبکہ شائستہ بیگم اور مہک بیگم نے سلور میڈل اور عفیفہ بتول اور مہک فاطمہ نے براونز میڈل حاصل کیا۔ مرکز برائے مطالعاتِ نسواں کی ڈائرکٹر، پروفیسر شاہدہ نے فاتح لڑکیوں اور ان کے والدین کو مبارک باد پیش کی۔ عائشہ روبینہ، سابقہ کارپوریٹر، احمد نگر، فرسٹ لانسر نے اظہار مسرت کیا۔

راشٹریہ سہارا رہنمائے دکن 10 FEB 2021

# اردو یونیورسٹی میں آج ''اردو میں معلوماتی ادب'' پر سمینار

حیدرآباد۔ (پریس نوٹ) ڈائرکٹوریٹ آف ٹرانسلیشن اینڈ پبلی کیشنز (ڈی ٹی پی)' مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کی جانب سے قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان' نئی دہلی کے مالی تعاون سے 10 اور 11 فروری 2021 کو ''اردو میں معلوماتی ادب'' کے عنوان سے دو روزہ قومی آن لائن سیمینار کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ افتتاحی اجلاس کا 10 رفروری کو سہ پہر 3 بجے سے انسٹرکشنل میڈیا سنٹر میں ہوگا۔ پروفیسر مظفر شہ میری' وائس چانسلر' ڈاکٹر عبدالحق اردو یونیورسٹی مہمان خصوصی ہوں گے اور پروفیسر نسیم الدین فریس' ڈین اسکول برائے السنہ' لسانیات اور ہندوستانیات مہمان ذی وقار ہوں گے جبکہ پروفیسر شافع قدوائی' صدر شعبہ ماس کمیونی کیشن' علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کلیدی خطبہ پیش کریں گے۔ پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ' انچارج وائس چانسلر صدارت کریں گے۔ ڈائرکٹر' ڈائرکٹوریٹ آف ٹرانسلیشن اینڈ پبلی کیشنز پروفیسر محمد ظفر الدین مہمانوں کا استقبال کریں گے اور افتتاحی کلمات پیش کریں گے جبکہ ویبنار کے کنوینر ڈاکٹر اسلم پرویز شکریہ ادا کریں گے۔ سمینار کا پہلا اجلاس 11 رفروری صبح 10.30 بجے سے دوپہر 1.00 بجے تک منعقد ہوگا جس کی صدارت پروفیسر صدیقی محمد محمود، رجسٹرار انچارج اور پروفیسر معین الدین جینابڑے ہندوستانی زبانوں کا مرکز' جواہر لال نہرو یونیورسٹی کریں گے۔ اس اجلاس میں پروفیسر فاطمہ بیگم پروین' سابق صدر شعبہ اردو' عثمانیہ یونیورسٹی؛ پروفیسر جہانگیر وارثی، صدر شعبہ لسانیات، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، ڈاکٹر پرویز احمد اعظمی، شعبہ اردو' سنٹرل یونیورسٹی آف کشمیر؛ ڈاکٹر وارث مظہری' شعبہ اسلامیات' جامعہ ہمدرد کے علاوہ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی سے پروفیسر ظفر احسن، پروفیسر فہیم اختر ندوی، پروفیسر محمد خالد مبشر الظفر، پروفیسر محمد مشاہد، ڈاکٹر دانش معین، ڈاکٹر ریاض احمد، ڈاکٹر سعادت شریف، اور ڈاکٹر کہکشاں لطیف اپنے مقالات پیش کریں گے۔ سیمینار کا دوسرا اجلاس دوپہر 2.30 بجے سے شام 5.30 بجے تک منعقد ہوگا جس کی صدارت پروفیسر م ن سعید' سابق صدر شعبہ اردو' بنگلور یونیورسٹی اور پروفیسر فاروق بخشی کریں گے۔ اس اجلاس میں پروفیسر فضل اللہ مکرم، پروفیسر اشہر قدیر، ڈاکٹر عبدالمعز، ڈاکٹر رفیع الدین ناصر، ڈاکٹر خورشید اقبال، جناب عبدالصمد شیخ مقالے پڑھیں گے۔ علاوہ ازیں مولانا آزاد یونیورسٹی کے پروفیسر بدیع الدین، پروفیسر افروز عالم، پروفیسر محمد عبدالسمیع صدیقی، ڈاکٹر آمنہ تحسین، ڈاکٹر فہیم الدین احمد، اور ڈاکٹر سید ماجد علی بھی اپنے اپنے مقالے پیش کریں گے۔ یہ سیمینار آئی ایم سی مانو کے یوٹیوب چینل پر راست نشر ہوگا۔ پروفیسر محمد ظفر الدین نے محبان اردو سے کثیر تعداد میں آن لائن شرکت کی گزارش کی ہے۔ مزید تفصیلات کیلئے سیمینار کے کنوینر ڈاکٹر اسلم پرویز سے 9908530276 پر رابطہ قائم کیا جاسکتا ہے۔

منصف

# مانو میں آج ''اردو میں معلوماتی ادب'' پر سمینار

حیدرآباد۔ 9 رفروری (پریس نوٹ) ڈائرکٹوریٹ آف ٹرانسلیشن اینڈ پبلی کیشنز (ڈی ٹی پی)' مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کی جانب سے قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان' نئی دہلی کے مالی تعاون سے 10 اور 11 فروری کو ''اردو میں معلوماتی ادب'' کے عنوان سے دوروزہ قومی آن لائن سیمینار کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ افتتاحی اجلاس 10 رفروری کو سہ پہر 3 بجے انسٹرکشنل میڈیا سنٹر میں منعقد ہوگا۔ پروفیسر مظفر شہ میری' وائس چانسلر' ڈاکٹر عبدالحق اردو یونیورسٹی آندھرا پردیش مہمان خصوصی ہوں گے۔ پروفیسر نسیم الدین فریس' ڈین اسکول برائے السنہ' لسانیات اور ہندوستانیات مہمان ذی وقار ہوں گے جبکہ پروفیسر شافع قدوائی' صدر شعبہ ماس کمیونی کیشن' علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کلیدی خطبہ پیش کریں گے۔ پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ' انچارج وائس چانسلر صدارت کریں گے۔ ڈائرکٹر' ڈائرکٹوریٹ آف ٹرانسلیشن اینڈ پبلی کیشنز پروفیسر محمد ظفر الدین مہمانوں کا استقبال کریں گے اور افتتاحی کلمات پیش کریں گے۔

The Hans India 10 FEB 2021

# 2-day national webinar on Urdu from today

GACHIBOWLI

THE Directorate of Translation & Publications (DTP), Maulana Azad National Urdu University (MANUU) is organising a two-day online national seminar on 'Urdu Mein Maloomati Adab' (knowledge literature in Urdu). The seminar is sponsored by the National Council for Promotion of Urdu Language (NCPUL). The inaugural session will be held at 3 pm on February 10.

Prof Muzaffar Shahmiri, Vice Chancellor, Dr Abdul Haq Urdu University, Kurnool, AP, will be the chief guest and Prof Mohd Naseemuddin Farees, Dean, School of Languages, Linguistics and Indology, MANUU, will be the guest of honor while Prof M Shafey Kidwai, Head, Department of Mass Communication, Aligarh Muslim University, will deliver the keynote address. Prof SM Rahmatullah, Vice Chancellor I/c, MANUU, will preside over the meet. Prof Mohd. Zafaruddin, Director, DTP, will deliver a welcome address and the seminar convenor, Dr Aslam Parwez, will propose a vote of thanks.

The first session will be held on February 11 from 10.30 am to 1.00 pm and will be chaired by Prof Siddiqui Mohd Mahmood, Registrar I/c, MANUU, and Prof. Moinuddin Jinabade, Center for Indian Languages, Jawaharlal Nehru University. The second session will be held from 2.30 pm to 5.30 pm and will be chaired by Prof MN Sayeed and Prof Farooq Bakhshi. Seminar will be telecast live on IMC, MANUU Youtube Channel, according to a press release.

HT

DECCAN CHRONICLE

# Manuu holds online seminar

Hyderabad: The Directorate of Translation & Publications (DTP), Maulana Azad National Urdu University (Manuu), is organising a two-day online National Seminar on 'Urdu Mein Maloomati Adab' (informative literature in Urdu). The seminar is sponsored by the National Council for Promotion of Urdu Language (NCPUL). The inaugural session will be held on February 10, at 3 pm at Instructional Media Centre. Prof. Muzaffar Shahmiri, Vice-Chancellor, Dr Abdul Haq Urdu University, Kurnool, will be the chief guest and Prof. Mohammed Naseemuddin Farees, Dean, School of Languages, Linguistics and Indology, MANUU, will be the guest of honour while Prof. M Shafey Kidwai, Head, Department of Mass Communication, Aligarh Muslim University will deliver the keynote address. Prof. S.M. Rahmatullah, Vice-Chancellor, MANUU will preside over.

DC

Sakshi

# నేడు 'మనూ'లో జాతీయ సదస్సు

రాయదుర్గం: మౌలానా ఆజాద్ జాతీయ ఉర్దూ విశ్వవిద్యాలయంలో రెండు రోజుల ఆన్‌లైన్ జాతీయ సెమినార్ బుధవారం ప్రారంభమవుతుంది. నేషన్ కౌన్సిల్ ఫర్ ప్రమోషన్ ఆఫ్ ఉర్దూ లాంగ్వేజ్ ఆధ్వర్యంలో మధ్యాహ్నం 3 గంటలకు నిర్వహించే ఈ సామావేశంలో 'నాలెడ్జ్ లిటరేచర్ ఇన్ ఉర్దూ' అనే అంశంపై పలువురు వక్తలు ప్రసంగిస్తారు.

NAMASTE TELANGANA

# మనూలో నేటి నుంచి జాతీయ సెమినార్

శేరిలింగంపల్లి, ఫిబ్రవరి 9: గచ్చిబౌలిలోని మౌలానా ఆజాద్ నేషనల్ ఉర్దూ యూనివర్సిటీ (మనూ)లో బుధవారం ఉర్దూ మే మలూమతీ ఆదాబ్ అనే అంశంపై సెమినార్ నిర్వహించనున్నారు. నేషనల్ కౌన్సిల్ ఫర్ ప్రమోషన్ ఆఫ్ ఉర్దూ లాంగ్వేజ్ (ఎన్‌సీపీయూఎల్) సౌజన్యంతో మనూలోని డైరెక్టరేట్ ఆఫ్ ట్రాన్స్‌లేషన్ అండ్ పబ్లికేషన్ ఆధ్వర్యంలో ఈ సెమినార్‌ను రెండు రోజుల పాటు నిర్వహించనున్నారు. మనూలోని ఇన్‌స్ట్రక్షనల్ మీడియా సెంటర్‌లో జరగనున్న ఈ సెమినార్‌లో ఏపీలోని కర్నూల్‌లో ఉన్న డాక్టర్ అబ్దుల్ హక్ ఉర్దూ యూనివర్సిటీకి చెందిన వీసీ ప్రొఫెసర్ ముజఫర్ షామిరి ముఖ్య అతిథిగా పాల్గొననున్నారు. ఇందులో భాగంగా రెండో రోజు గురువారం ఉదయం 10.30 నుంచి మధ్యాహ్నం 1 గంట వరకు మొదటి సెషన్ నిర్వహిస్తారు. అదేరోజు మధ్యాహ్నం 2.30 నుంచి సాయంత్రం 5.30 గంటల వరకు రెండో సెషన్ ఉంటుందని అధికారులు ఒక ప్రకటనలో తెలిపారు. ఈ సెమినార్‌ను మనూ యూట్యూబ్ చానల్‌లో ప్రత్యక్ష ప్రసారం ద్వారా వీక్షించవచ్చని తెలిపారు.